فوری ریلیز کے لیے: 1/11/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے نیویارک کی بحالی کے دوسرے مرحلے کے لیے درخواستوں کے اجراء کا اعلان کیا ہے***

***پروگرام میں خستہ حال عمارتوں کی از سرِ نو تعمیر یا خاتمہ کرتے ہوئے کمیونٹیز کی احیائے نو کو فروغ ملے گا***

***مقاصد کے اعلامیہ جاتی خطوط کے لیے مقررہ تاریخ 30 نومبر ہے؛ درخواستیں یہاں دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ نیویارک کی بحالی کے گرانٹ پروگرام کے دوسرے مرحلے کے لیے درخواستوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ $250 ملین کا یہ پروگرام خستہ حال عمارتوں کے انہدام اور از سرِ نو تعمیر کے ذریعے کمیونٹی کی ترقی اور گردونواح کے فروغ کی راہیں ہموار کرتا ہے۔ فنڈنگ کے اس مرحلے میں میونسپلٹیز کے لیے گرانٹس کی مد میں $150 ملین کی رقم دستیاب بنائی گئی ہے تاکہ ایسے پروجیکٹس کی معاونت کی جا سکے جو رہائشی، تجارتی اور مخلوط استعمال کی عمارتوں کے انہدام، تجدیدِ نو اور بحالی پر توجہ مرکوز کریں۔ امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے زیرِ انتظام، اس پروگرام کو مقامی حکومتوں کی مدد کی غرض سے تیار کیا گیا ہے تاکہ وہ اپنی کمیونٹیز کی احیائے نو کے ساتھ تجارتی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کریں، مقامی رہائشی سٹاک کو بہتر بنائیں، املاک کو واپس ٹیکس رولز پر ڈالیں، اور مقامی ٹیکس کی بنیاد کو بڑھائیں۔ مقاصد کے اعلامیہ جاتی خطوط کے لیے مقررہ تاریخ 30 نومبر ہے، اور دوسرے مرحلے کے لیے درخواستیں یہاں دستیاب ہیں۔

"ہماری کمیونٹیز کو ایک نئی زندگی بخشنے کا آغاز ایسی تاریخی عمارات میں سرمایہ کاری سے ہوتا ہے جو طویل عرصے سے ہمارے گردونواح کو سہارا دیے ہوئے اور ان کی انفرادیت کو برقرار رکھے ہوئے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "نیویارک کی بحالی کی فنڈنگ مقامی علاقوں کو وسائل بہم پہنچاتی ہے تاکہ بےآباد اور عدم توجہی کی شکار املاک کو، اکیسویں صدی کی جدید طرز کی عمارتوں میں تبدیل کیا جائے۔ ریاست بھر کی کمیونٹیز کی تعمیرِ نو اور استحکام میں مدد دے کر، ہم مقامی معیشتوں کو متحرک کریں گے اور نیویارک کو دوبارہ ایک بہتر اور مضبوط تر مقام بنانے کا عمل جاری رکھیں گے۔"

نیویارک کی بحالی کا ہدف یہ ہے کہ رہائشی، کمرشل، اور ملے جلے استعمال کی عمارتوں کی تعمیرِ نو کے ذریعے رہائشیوں اورکاروباروں کو متوجہ کیا جائے۔ ہر پروجیکٹ کو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کاؤنسل کے علاقائی حکمتِ عملی کے منصوبے کے مطابق ہونا چاہیئے اور پروجیکٹس کو یا تو قریبی اور اطراف کی املاک سے تعمیراتی طور پر ہم آہنگ ہونا چاہیئے یا میونسپلٹی کے مقامی احیائے نو یا شہری ترقیاتی منصوبے کے ساتھ ہم آہنگ ہونا چاہیئے۔

فنڈنگ کو خالی، بے آباد، متروکہ یا اضافی عمارات کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے اور ان املاک کو منہدم کیا جا سکتا ہے، توڑا جا سکتا ہے، دوبارہ آباد کیا جا سکتا ہے یا از سرِ نو تعمیر کیا جا سکتا ہے۔ ایسے پروجیکٹس پر توجہ دی جائے گی جو اقتصادی طور پر پسماندہ کمیونٹیز میں موجود ہیں، ایسے پروجیکٹس جو دوسری ریاستی یا وفاقی تعمیرِ نو کے فنڈز کے ماتحت آتے ہیں اور پروجیکٹ کے امکان اور مستعدی پر توجہ دی جائے گی۔

اہل درخواست دہندگان میں نیویارک ریاست کے اندر کاؤنٹیز، شہر، ٹاؤنز، اور گاؤں شامل ہیں جس کی بنیاد ذیل کے معیار پر ہو گی:

- ایسے شہر جن کی آبادی 100,000 سے زیادہ ہو وہ ایک پروجیکٹ کے لئے 5$ ملین تک کی درخواست دے سکتے ہیں۔ تاہم، ایک ملین سے زائد آبادی والے شہروں اور وہاں کی کاؤنٹیز کو شہر کے آفت زدہ علاقے میں پروجیکٹس کے لیے درخواست دینی چاہیئے
- 40,000 اور 99,999 کے درمیان آبادیاتی شمار کے حامل شہر اور گاؤں 3$ ملین تک کے پروجیکٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں
- دوسری تمام میونسپلٹیز 2$ ملین تک کے ایک پروجیکٹ کے لئے درخواست دے سکتی ہیں

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ خصوصی ایوارڈز کی ایک محدود تعداد فراہم کر سکتے ہیں۔ مذکورہ بالا فنڈنگ کی حدود کے علاوہ 100,000 یا اس سے کم آبادی رکھنے والی میونسپلٹیز اور 400,000 یا اس کے کم آبادی رکھنے والی کاؤنٹیز اضافی 10$ ملین کے لیے درخواست دے سکتی ہیں تاکہ دوسرے علیحدہ پروجیکٹ یا کسی بڑے پروجیکٹ کے حصے کے لیے اس کا استعمال کیا جا سکے۔ خصوصی پروجیکٹس وہ ہیں جہاں کوئی عمارت کسی انتہائی یا درمیانے درجے کی پسماندہ کمیونٹی کے کسی مرکزی کاروباری ڈسٹرکٹ میں انتہائی نمایاں اور خستہ حال عمارت یا عمارات چھوڑتے ہوئے، کمیونٹی کے لیے شدید معاشی نقصان کا سبب بنے کہ جس سے کمیونٹی کے مجموعی معاشی ترقی کے امکان پر مایوس کن اثر پڑتا ہے۔

درخواست دینے کے ارادے کا فارم بدھ، مورخہ 30 نومبر تک ESD کو لازماً موصول ہو جانا چاہیئے، جبکہ درخواستوں کی مقررہ تاریخ 27 جنوری 2023 ہے۔ پروگرام اور تقاضوں کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات کے لیے ملاحظہ کریں https://esd.ny.gov/restore-new-york.

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "نیویارک کی بحالی، میونسپلٹیز کو اپنی کمیونٹیز کے اندر، بالخصوص اپنے اندرون شہر کے مراکز میں حقیقی تبدیلی پیدا کرنے کے لیے درکار معاونت فراہم کرتی ہے۔ قدیم عمارات کی تجدید اور بحالئ نو، گردونواح کی گزشتہ رونقوں اور مستقبل کے امکان سے پردہ اٹھانے کا ایک ذریعہ ہے، اور نیویارک کی بحالی کے ذریعے، مقامی علاقوں کے پاس اپنی کمیونٹی کو نئی شکل دینے اور نئے معاشی مواقع پیدا کرنے کا حقیقی موقع موجود ہوتا ہے۔"

**ریاستی سینیٹر Anna M. Kaplan نے کہا،** "خستہ حال عمارات ہماری کمیونٹی پر ایک بدنما داغ اور مقامی وسائل کا ضیاع ہیں، لہٰذا ہر دفعہ جب ہم کسی عمارت کی تجدید کر سکیں اور اس کو واپس ٹیکس رولز پر ڈالنے کی صلاحیت رکھتے ہوں، تو یہ ہم سب کی جیت ہوتی ہے۔ NY کی بحالی کا پروگرام خستہ حالی کا تدارک کرے گا اور عالمی وبا سے بحال ہونے میں ہماری کمیونٹیز کی مدد کرے گا، اور میں ہر میونسپلٹی کو یہ پُرزور تاکید کرتی ہوں کہ وہ مزید جانیں اور نیویارک کو آگے لے جانے میں مدد کرنے کے لیے فنڈز کی درخواست دیں۔"

**رکنِ اسمبلی Harry Bronson کا کہنا تھا کہ،** "NY کی بحالی ان مقامی حکومتوں کے لیے تیزی سے ہمارا عظیم ترین اثاثہ بن رہا ہے، جو اپنی کمیونٹیز کے احیائے نو کی تلاش میں ہیں۔ اسمبلی کی معاشی کمیٹی کے صدر کے طور پر، میں اس بات سے واقف ہوں کہ ہماری مقامی معیشتوں کے فروغ کے لیے کمیونٹی کی ترقی اور گردونواح کا پھلنا پھولنا کس قدر خاص اہمیت کا حامل ہے۔ میں اپنے خاندانوں کے لیے اپنی کمیونٹیز کی تشکیلِ نو کے سلسلے میں گورنر اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے کام کا معترف ہوں۔ مجھے امید ہے کہ ہم سب مل کر نیویارک کے تمام باشندگان کے لیے ایک منصفانہ اور جامع معیشت کے قیام میں مدد دینے کے لیے اس فنڈنگ کو بروئے کار لائیں گے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (ESD) نیویارک کی سربراہ اقتصادی ترقیاتی ایجنسی ہے۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضے، گرانٹس، ٹیکس کریڈٹس اور دوسری اقسام کی مالیاتی معاونتیں استعمال کرتے ہوئے، ESD کوشش کرتا ہے کہ ذاتی کاروبار کی سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھا کر نوکریاں پیدا کرنے کے عمل کو تیزی سے بڑھایا جائے اور نیویارک کی ریاست میں ترقی یافتہ کمیونٹیز کی معاونت کی جائے۔ ESD بھی ایک بنیادی انتظامی ایجنسی ہے جو نیویارک کی ریاست کی علاقائی اقتصادی ترقی کی کاؤنسلز اور ریاست کے مثالی

سیاحتی برانڈ "I LOVE NY"، کی تشہیر کی نگرانی کرتی ہے۔ علاقائی کونسلز اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، regionalcouncils.ny.gov اور esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418